● **کتاب: منہاجِ نبوّت اور مرزا قادیانی　　مؤلف: مولانا مشتاق احمد چنیوٹی　　قیمت: درج نہیں**
ناشر: مکتبہ عشرہ مبشرہ، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور (0333-1450412)　　ضخامت: 96 صفحات

خاتم النبیین والمعصومین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اجراءِ نبوّت کا تصور اور عقیدہ سراسر کفر وارتداد ہے۔ مسیلمہ کذاب کے جانشین مرزا قادیانی (لعنۃ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واعوانہٖ وانصارہٖ) نے بھی نبوّت کا جھوٹا دعویٰ کیا۔ علماء نے عالمانہ انداز میں بحث ومناظرہ کیا اور علمی دلائل کے ساتھ مرزا ملعون کے کفر کی مذمت کی، قادیانیت کا عوامی محاسبہ کیا۔ ضرورت تھی کہ سادہ انداز میں عوام کو مرزا قادیانی ملعون اور اس کے ماننے والے گروہِ مرتد کے کفر سے باخبر کیا جائے۔ مرزا قادیانی نے ایک جگہ لکھا ہے:

’’چاہیے کہ معیارِ نبوّت پر ہمیں پرکھ لیں۔‘‘ (ملفوظات: ج۵، ص:۲۵۷، طبع جدید)

مؤلف کتاب مولانا مشتاق احمد چنیوٹی نے مرزا کے اس مطالبے کو سامنے رکھتے ہوئے نبوّت کے ۴۱ معیار پیش کیے ہیں۔ تمام انبیاء علیہم السلام ان معیارات کا مصداق ہیں۔ مولانا نے اتمامِ حجت، عام مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت اور مرزا کے دھوکے سے بچانے کے لیے عام فہم اور سادہ زبان میں نہایت مضبوط دلائل پیش کیے ہیں۔ انھوں نے مرزا کی ذات، شخصیت وکردار، دعووں اور پیش گوئیوں کو بنیاد بنا کر ثابت کیا ہے کہ مرزا قادیانی جھوٹا ہے اور کسی بھی معیار پر پورا نہیں اُترتا ہے۔ یہ کتاب ردّ قادیانیت کے لٹریچر میں ایک خوبصورت اضافہ ہے۔ تحریکِ ختمِ نبوّت کے مبلغین اور کارکنوں کے لیے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔

● **کتاب: توہینِ رسالت کے مسلسل واقعات اور ہماری ذمہ داری۔ ترتیب: مفتی محمد عبداللہ تارڑ۔ ضخامت: 64 صفحات**
ناشر: مکتبہ القرآن، بیسمنٹ رسول پلازہ، امین پور بازار، فیصل آباد (041-2601919) قیمت: =/60 روپے

دنیا میں انبیاء ورسل علیہم السلام کی بعثت کے آغاز کے ساتھ ہی اُن کی مخالفت، توہین اور استہزاء کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا لیکن اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اُن پر ایمان لانے اور اُن کی اطاعت وفرماں برداری کرنے والے اللہ کے صالح بندے بھی ہر زمانے میں موجود رہے۔ خیر وشر اور حق و باطل کی جنگ ہمیشہ سے جاری ہے اور تا قیامت جاری رہے گی۔

مولانا مفتی محمد عبداللہ تارڑ نے اپنے مختصر رسالہ میں انبیاء ورسل کی تاریخ، مقصدِ بعثت اور اُن کی دعوت وتبلیغ کے ردِّعمل میں ہونے والی مخالفت اور توہین واستہزاء کے واقعات کی تاریخ کو جامع انداز میں تحریر کیا ہے۔ حضور خاتم النبیین محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کی مناسبت سے یہود ونصاریٰ کی طرف سے توہین آمیز واقعات پر قرآن وحدیث کی روشنی میں نقد کیا ہے۔ ہالینڈ، ڈنمارک، برطانیہ اور امریکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں توہین آمیز تحریروں، تصویروں، خاکوں، فلموں اور واقعات کے تسلسل کو یہود ونصاریٰ کے اسلام دشمن عزائم کا شاخسانہ ثابت کیا ہے۔ نیز توہین کا ارتکاب کرنے والوں کے عبرت ناک انجام سے خبردار کیا ہے۔ آخر میں مرزا قادیانی اور اس کی ذریت البُغایا کے توہین آمیز عقائد و واقعات کو تحریر کر کے قادیانیوں کے کفریہ عقائد وعزائم کو طشت ازبام کیا ہے۔ مرتب رسالہ نے مغرب کی نام نہاد روشن خیالی اور آزادیٔ اظہار کی آڑ میں مکروہ وناپاک منصوبوں کا پردہ چاک کرتے ہوئے اُمّتِ مسلمہ کو اپنی دینی واعتقادی ذمہ داریوں کا احساس دلایا ہے۔ نہایت جامع اور مفید رسالہ ہے۔ جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد کے مہتمم وشیخ الحدیث مولانا محمد طیب عارفی نے ابتدائیہ تحریر کیا ہے۔